## سوال

(320)ایک باطل شرط

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شریعت کا اس شخص کے بارے میں کیا حکم ہے جس نے ایک دوسرے شخص کے ساتھ ملکر یہ طے کیا کہ دونوں ایک معین مدت کے اندر اندر شادی کریں گے اور جو شخص شادی نہ کرسکے اسے اپنی پہلی بیوی کو بھی طلاق دینا ہوگی' دونوں نے باہمی اتفاق سے اس شرط کو منظور کیا تھا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ ایک باطل شرط ہے' جو اسے پورا نہ کرسکے اس کیلئے اپنی پہلی بیوی کو طلاق دینا لازم نہیں ہے بلکہ اسے چاہیے کہ کفارہ قسم ادا کردے' کیونکہ اسلاف میں سے ایک جماعت کا یہی قول ہے' انہوں نے اس طرح کے کلام کو قسم کے حکم میں قرار دیا ہے جب کہ بعض اہل علم کا مذہب یہ ہے کہ اس صورت میں کوئی بھی کفارہ لازم نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ

## کتاب الطلاق : جلد 3 صفحہ 302

محدث فتویٰ